# جلدی امراض و چہرے کی خوبصورتی

علاج

وجوہات

ادویات

غذائیں



مصنف سیّد مصطفیٰ کاظمی

03445013241

Ahlebaitstore.com

# Dedication

ہم اپنے اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں یہ توفیق عطا فرمائی کہ ہم تمام مومنین اور مومنات اور تمام انسانوں کے ساتھ طب اہلبیت علیہ السّلام کو شیئر کرنے کے قابل ہوئے ہم طب اہلبیت علیہ السّلام کی تمام کتابیں اور تمام ریسرچ کا ثواب ہدیہ کرتے ہیں چودہ معصومین علیہ السلام کو اور خاص طور پر اُمِ ابیہا مادر امام حسنؑ امام حسینؑ جوانان جنت کے سردار اور حضرت محمد ﷺ کی بیٹی اور مولا علی علیہ السلام کی زوجہ بی بی زہرا سلام اللہ علیہا کو اور امام مہدی علیہ السلام کو اور اللہ تعالی سے یہ دعا کرتے ہیں یا اللہ پاک ہمیں مزید توفیق عطا فرمائے کہ ہم طِب اہل بیت علیہ السلام کو گھر گھر تک پہنچائے اور اپنے امام زمانہ امام مہدی علیہ السلام کی بیعت جو ہماری گردنوں پر ہے اور ان سے کیے ہوے ہمارے عہد کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمامے خدا ہماری کاوشوں اور کوششوں کو اپنے دربار میں قبول فرمائے آمین ہم تمام مومن و مومنات سے درخواست کرتے ہیں ہمارے حق میں دعا کرے کہ اللہ ہمیں آگے بڑھنے اور پوری دنیا میں طب اہل بیتؑ سے انقلاب لانے کی توفیق عطا فرمامے آمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# فہرست


چہرے کے نور کو ختم کرنے والی چیزیں-----------------------------------5

چہرے کی نورانیت زیادہ کرنے والی چیزیں-----------------------------------6

چہرے کو خراب کرنے والی چیزیں-----------------------------------7

چہرے کو خوبصورت کرنے والے چیزیں-----------------------------------9

خوبصورتی کے لیے ازکار و آیات-----------------------------------12

چہرے کی زردی-----------------------------------14

چہرے کی زردی ختم کرنے والی چیزیں-----------------------------------16

چہرے پر سوجن-----------------------------------17

علاج و وجوہات-----------------------------------18

چہرے بدصورتی وا داغ دھبے وا جھریا جھریاں-----------------------------------18

منہ جلد پر خشکی-----------------------------------21

منہ میں سوجن۔۔۔ 21
چہرے کی زرد رنگت۔۔۔ 22
چہرے کی بے رونقی۔۔۔۔ 23
آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے و سوجن۔ 24
داغ دھبے چھایاں چہرے کی خوبصورتی کے لیے۔۔۔ 24
ایگزیما۔۔۔۔ 28
ایل جو جلد پر لگانے ہیں۔۔۔۔۔۔ 29
جل جانا۔۔۔ 31
تل۔۔ 32
چنبل۔۔۔۔ 35
برص و پھلبہری۔۔ 37
چہرے پر فالتو بال۔۔۔ 45
جسم سے بدبو آنا۔۔ 46
کھجلی خارش۔۔۔۔ 48
پھنسی پھوڑا۔۔۔ 53
ڈرائے اسکن۔۔۔ 54
مسے گومر گومڑ۔۔۔ 56
آنکھ کا درد۔۔۔ 57
گرمی والے دانے۔ 56
پیدائشی نشان۔۔۔ 59
لاکڑا کاکڑا۔۔ 60

مقعد کے قریب پھوڑا۔۔۔۔۔----------------------------------------۔62

گنجاپن۔۔۔----------------------------------------۔64

انگلیوں کی جلد کا اترنا۔۔۔----------------------------------------۔63

سر د زخم۔۔۔----------------------------------------۔۔۔65

بیماری پروان ای۔۔۔----------------------------------------۔67

پی ایل سی۔۔----------------------------------------۔69

اور جزام۔۔----------------------------------------۔ 70

# جلدی امراض و چہرہ کی خوبصورتی

امام علؑی فرماتے ہیں۔

اللہ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے اور اپنے بندے میں نعمت کا اثر دیکھنا چاہتا ہے

اصول کافی ج8 ص8

نبی ﷺ فرماتے ہیں

بُرا ترین بندہ وہ ہے جو گندہ رہے

اصول کافی ج8 ص10

# احادیث

## چہرے کی خوبصورتی وبدصورتی علاج ووجوہات (طب اہل بیتؑ)

علاج ووجوہات (طب اہل بیتؑ)

## چہرے کے نور کو ختم کرنے والی چیزیں

زنا

نبی ﷺ نے فرمایا:

زنا کے پانچ نقصانات ہیں۔ چہرے کا نور چلا جاتا ہے۔ انسان فقر میں مبتلا ہو جاتا ہے، خدا کے غضب میں گرفتار ہو جاتا ہے اور آخرت میں آگ میں جلے گا

اصول کافی ج3 ص573

زیادہ مزاق

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

زیادہ مزاق نہ کریں اس سے چہرے کی نورانیت ختم ہو جاتی ہے

اصول کافی ج2 ص445

جھوٹ

نبی ﷺ فرماتے ہیں

جھوٹ نہ بولو اس سے چہرے کا نور چلا جاتا ہے

زیادہ ہنسنا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

زیادہ نہ ہنسیں اس سے چہرے کی نورانیت ختم ہو جاتی ہے

اصول کافی ج2 ص446

# چہرے کی نورانیت زیادہ کرنے والی چیزیں

تہجد

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

تہجد کی نماز پڑھا کرو اس سے چہرے میں نورانیت آتی ہے

زکر

چہرے کی نورانیت کے لیے زکر (یاحی یاقیوم یامن لاالہ الا انت)

# چہرے کو خراب کرنے والی چیزیں

کپڑے سے چہرہ صاف کرنا

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔

کپڑے سے چہرے کو صاف نہ کریں اس سے شادابی و تازگی ختم ہو جاتی ہے

اصول کافی ج5ص118

پیراہن

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

منہ کو بالنگ (قمیض کے آگے کا حصّہ) سے منہ خشک نہ کریں۔اس سے چہرہ خراب ہوتا ہے

مستدرک الوسائل ج1ص233

شکم سیر (زیادہ کھانا)

حضرت عیسٰی فرماتے ہیں۔

شکم سیر ہو کر کھانے سے چہرے کی رنگت خراب ہو جاتی ہے

الخصال ص249

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔

سورج رنگ کو خراب کرتا ہے، بیماری ودرد کا باعث ہے (سورج کی طرف چہرہ کر کے نہ بیٹھیں پشت کر

کے بیٹھیں)

الخصال ص449

امام علیؑ فرماتے ہیں۔

جب بھی سورج کی روشنی میں بیٹھو تو سورج کی طرف پشت کر کے بیٹھو چہرہ کر کہ نہ بیٹھو۔ ورنہ درد

میں مبتلا ہو جاؤ گے

مستدرک الوسائل ج12 ص575

لڑائی کرنا

لڑائی نہ کریں اور زیادہ مزاق نہ کریں اس سے انسان کی شخصیت کم ہو جاتی ہے

اصول کافی ج2 ص445

انڈے کھانا

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔

چھرہ پر (Freckles) داغ ودھبے زیادہ انڈے کھانے سے نکلتے ہیں

غرور کرنا

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔

غرور خوبصورتی کے لیے آفت ہے۔

بحار الأنوار: 77/59/3.

## چہرے کو خوبصورت کرنی والی چیزیں

ناک سے بال صاف کرنا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

ناک سے بال صاف کرنا چہرے کو خوبصورت بناتا ہے

الکافی ج6ص488

مہندی لگانا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

مہندی لگانا بدن کی بدبو کو ختم کرتی ہے، چہرے کو چمکدار وشفاف بناتی ہے

الکافی ج6ص484

شمپو گل سرشور

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔

سر کو گل سرشور(FULLER EARTH)سے دھلائی کریں اس سے چہرہ خوبصورت ہوتا ہے

علل الشرائع،ج1،ص292

ناشپاتی

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

ناشپاتی کھاؤ چہرہ کو خوبصورت کرتی ہے

بحارالانوار ج63ص170

کاسنی کھانا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

کاسنی کھاؤ۔ چہرے کو خوبصورت کرتی ہے۔

بحارالانوار ج63ص208

ہاتھوں کی تری

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

کھانے کے بعد ہاتھ منہ پر مل لیں۔ چہرہ خوبصورت رہے گا دھاریاں (Wrincles)

نہیں پڑیں گی

طب امام جعفر صادقؑ

وضو کا پانی

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

وضو کرنے کے بعد وضو کے پانی سے منہ صاف کر لیں اس سے داغ و دھبے (freckles) ختم ہو جائیں گے

تیل سے مساج

امام باقرؑ فرماتے ہیں

تیل سے مساج کرنا (ابر و وکف سر) چہرہ کو خوبصورت بناتا ہے

نمک سے کھانے کا آغاز

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

کھانے کا آغاز نمک سے کرو۔ اس سے چہرے پر تل نہیں نکلیں گے

المحاسن ج2 ص553

گلاب

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔

گلاب سے (مساج کرو اور کھاؤ) چہرے کی چمک میں اضافہ کرتے ہیں

مکارم الاخلاق ج6 ص519

بہ (Quience)

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

ناشتہ میں بہ (Quience) کھائیں چہرے کو خوبصورت بناتے ہیں۔

المحاسن ج2 ص549

امام جعفر صؑادق فرماتے ہیں

چار چیزیں چہرے کو نورانی و خوبصورت کرتی ہیں۔ خوبصورت چہرہ دیکھنا، بہتا ہوا پانی دیکھنا، سبزہ دیکھنا اور سوتے وقت سرمہ لگانا

الخصال ص237

پیاز

امام جعفر صؑادق فرماتے ہیں

پیاز کھانا منہ کو خوشبودار بناتا ہے، منی کو زیادہ کرتا ہے جلد کو نرم و چمکدار بناتا ہے

الکافی ج6 ص374

کدو

نبی ﷺ فرماتے ہیں

کدو کھاؤ چہرے کی شادابی میں اضافہ کرتے ہیں

خربوزہ

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں

خربوزہ کھاؤ۔ چہرے کو صاف کرتا ہے (ناشتہ میں استعمال نہ کریں)

تخصصی طب اسلامی

# ازکار و آیات خوبصورتی کے لیے

اگر چہرہ بے رونق ہو جائے یا چہرہ کا رنگ سیاھی مائل ہو جائے تو ہر نماز کے بعد ایک سو گیاہ مرتبہ درج ذیل اسمائے حُسنٰی کو اول و آخر صلوات کیساتھ پڑ کر ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیریں تو انشاء اللہ بد صورتی ذائل ہو جائے گی

اَللّٰہُ الْمُصَوِّرُ الْمَالِکُ

چھائیاں کے لیے

انجیر کو دودھ اور جو کے آٹے میں ملا کر لیپ لگائیں۔ چھائیاں ختم ہو جائیں گی

مجمع الدعوات

چہرے پر چھائیاں کی جگہ انگلیاں پھیرتے ہوئے یہ آیات تین مرتبہ پڑھے تو چند دنوں میں چہرہ نکھر کر صاف وشفاف ہو جائے گا

مکارم الاخلاق

رنگ گورا

اگر کوئی درج زیل آیت

وَاَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللّٰهِ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ﴿١٠٧﴾

اور جن کے چہرے روشن ہوں گے وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔(آل عمران 107 )

کو اول و آخر صلوات کے ساتھ گیارہ بار پانی پر پڑھ کر وضو یا غسل کرے تو اس کا رنگ انشاء اللہ گوار ہو جائے گا

نوائے صالحین ص336

# چہرے کی زردی

خون کھانا

جو شخص خون کھائے گا۔اس کا چہرہ زرد و سیاھی رنگ کو ہو جائے گا، بداخلاق اور سخت دل والا ہو گا(جب بھی گوشت پکائیں اچھی طرف صاف کرلیں تا کہ خون نہ رہ جائے)

مستدرک الوسائل ج14 ص359

سورج نکلتے وڈوبتے وقت سونا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

صبح کے وقت سونا روزی کو کم کرتا ہے۔رنگ کو زرد کرتا ہے اور سخت نحوست کا سبب ہے۔

(بین الطلوعین سورج نکلتے وقت اور ڈوبتے وقت سونا بیماری کا موجب ہے اور نحوست کا سبب ہے)

مستدرک الوسائل ج4 ص853

مٹی کھانا

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔

مٹی نہ کھائیں اس کے تین نقصان ہیں چہرہ کا رنگ زرد کرتی ہے، بیماری کو لاتی ہے اور پیٹ کو بڑا کرتی ہے

بحارالانوار ج59 ص300

اُنشان کھانا

امام باقرؑ فرماتے ہیں۔

کسی اُشنان(POTASH)سے

ہاتھ دھونا نہیں چاہیے اس سے چہرے کا رنگ زرد ہوتا ہے، گھٹنے ضعیف ہوتے ہیں دھان بد بودار ہوتی ہے

(اس کو کھانے سے بھی منع کیا گیا ہے)

بحارالانوار ج59 ص234

# چہرے کی زردی ختم کرنے والی چیزیں

کاسنی + کھیرا + ساقہ

امام حسن عسکریؑ فرماتے ہیں۔

کھیرا (دیسی) کا چھلکا + ساقہ(PEDUNCLE) کاسنی + گُڑان کو ابال کر استعمال کریں

تخصصی طب اسلامی

گوشت کو پکا کر کھائیں

حضرت عیسیٰؑ فرماتے ہیں۔

گوشت کو پکانے سے قبل (اچھی طرح صاف) دھلائی نہ کر کے کھانے سے چہرہ زرد ہو جاتا ہے اور چھی طرح دھلائی کر کے کھانے سے چھرہ کی زردی ختم ہو جاتی ہے

تخصصی طب اسلامی

کباب + ترہ

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں

چہرے کی زرد رنگت خون کی کمی کیوجہ سے بھی ہوتی ہے۔ خون کی کمی کو دور کرنے کے لیے کباب اور ترہ زیادہ کھائیں

سیاہی صورت

نبی ﷺ فرماتے ہیں

پیاز زیادہ کھاؤ۔ چہرے کی سیاہی کو ختم کرتا ہے

## چہرے پر سوجن

حضرت عیسیٰؑ فرماتے ہیں۔

رات کو سوتے وقت منہ بند رکھنے سے چہرہ میں سوجن آجاتی ہے (کیونکہ آکسیجن نھیں پہنچتی)

گُڑ اور کاسنی

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

چہرے کی سوجن کے لیے گُڑ اور کاسنی کو ابال کر استعمال کریں

# چہرے پر جھریاں، چہرے پر داغ ودھبے، چہرہ کی بے رونقی، چہرہ کی نورانیت

علاج ووجوہات طب اسلامی

## چہرے کی بدصورتی وداغ ودھبے، جھریاں

### وجوہات

زیادہ انڈے کھانا

کپڑے سے چہرہ صاف کرنا

قمیض کے دامن سے منہ صاف کرنا

شکم سیری (زیادہ کھانا)

ناک میں بال بڑھانا

سورج کی طرف چہرہ کر کے بیٹھنا

غرور کرنا

سودائی مزاج کا غلبہ

خون کی خرابی

## علاج

گلاب سے مساج کرنا

گلاب کھانا

کھانے کا آغاز نمک سے کرنا

کھانے کے بعد ھاتوں کی تری منہ پر لگانا

ناشتہ میں بہ کھانا

ناشپاتی کھانا

کاسنی کھانا

برگ چقندر

تخم کاھو

ناک سے بال صاف کرنا

مہندی لگانا

سر کو گل سر شور سے دھلائی کرنا

وضو کرنے کے بعد اسی وضو والے پانی سے ھاتھ منہ پر پھیرنا

پیاز زیادہ کھانا

کدو کھانا

خربوزہ کھانا(ناشتہ میں نہ کھائیں )

انار کا جوس پینا

خربوزہ کھانا

سرکہ + مورد

## میڈیسن طب اہل بیتؑ

صاف کنندہ خون

داروی صفرابر

کریم گیاہی

# منہ و جلد پر خشکی

## علاج

روغن بنفشہ یا ی زیتون رات کو ناف میں لگائیں

داروی سودابر

غسل سے پہلے تیل سے مساج

# منہ میں سوجن

## وجوہات

رات سوتے وقت منہ بند رکھنا

## علاج

کاسنی

گُڑ اور کاسنی کو ابال کر استعمال کریں

# چہرے کی زرد رنگت

## وجوہات

خون کی کمی

خون کھانا(گوشت وغیرہ اچھی طرح صاف نہ کر کے کھانا)

سورج نکلتے وڈوبتے وقت سونا

مٹی کھانا

اُنشان کھانا یا اس سے ہاتھ دھونا

## علاج

خونی کی کمی ہے تو کباب + ترہ

گوشت اچھی طرح صاف کر کے کھانا

کھیرا کا چھلکا + کاسنی + ساقہ + گُڑ ان کو ابال کر پی لیں

## طب اہل بیتؑ میڈیسن

مقل ارزق

مرکب 02

مرکب چہار

سویق جو

سویق گندم

مرکب ایک

داروی صاف کنندہ خون

سید الادویہ

روغن زیتون

## چہرے کی بے رونقی (چہرے میں نورانیت نہ ہونا)

### وجوہات

زیادہ مزاق کرنا

زیادہ ہنسنا

جھوٹ بولنا

زنا کرنا

لڑائی کرنا

## علاج

استغفار

نماز تہجد

مستحبات پر عمل کریں

تلاوت قرآن

ترک مکروہات

ذکر خدا

# آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے و سوجن

## وجوہات

گردوں کی خرابی

## علاج

مرکب چھار

آخروٹ + اجوائن

آنکھوں کے گرد سیاہی و چہرے کے داغ

سرکہ انگور میں شہد ڈال کر رات کو لگادیں چہرہ پر صبح اتار دیں۔(سرکہ و شہد خالص ہو)

# جلد کی بیماریاں

## وجوہات

جگر کی گرمی

خون کی خرابی

سودا یا صفرا کی زیادتی

خون کا غلبہ

## علاج

داروی حنا

سیدالادویہ

مونگ کی دال کا سوپ

سویق عدس

نورہ طبیعی

داروی ابن بسطام

داروی صاف کنندہ خون۔

داروی صفرابر

## ممنوعات

گرم غذائیں

پلاسٹک کے برتن

چکنائی والی غذائیں و مسالح جات

## داغ، دھبے، چھائیاں، چہرہ کی رنگت و خوبصورتی کے لیے

## علاج

داروی صاف کنندہ خون

کریم گندم

کریم گلاب

کریم رائیل جیلی

عرق گلاب + کنجد + سرکہ

## اگزیما Eczema

اس جلدی بیماری میں جلد پر خارش، سوزش اور جلد پر سرخ دانے نمودار ہو جاتے ہیں۔

## علامات

خارش

جلدی سوزش

خون کا رسنا

جلد کا پھٹنا

جسم پر سرخ داغ نمودار ہونا

خشکی

## وجوہات (طب اہلبیتؑ)

اس کی دو اقسام ہیں۔

جب صفرا کی زیادتی کیوجہ سے ہوتا ہے تو عموماً گرمیاں میں ہوتا ہے۔

جب سودا کی زیادتی کی وجہ سے ہوتا ہے تو سردیوں میں زیادہ ہوتا ہے. پلاسٹک کے برتن میں کھانا,لیدر کے کپڑے یا جیکٹ

جگر کی خرابی

خون کی خرابی

## علاج (طب اہلبیتؑ)

مرکب 1 (ابن بسطام)

حنا+نورہ طبیعی

پاوں کی حجامت تین بار

داروی صاف کنندہ خون

(کھویا Curd)روغن بادام با آب کشک

## جو جلد پر لگانے ہیں (Oils) آئل

وروغن کندران کو جلد پر لگائیں (Galangal) سرکہ سیب،روغن بان،روغن کوشنہ

## نکات لازم

قبل از شام 7 عدد آلو بخارا خشک کھائیں.

سبزی کاسنی کھائیں

Quince ثمار منہ بہ کھائیں

کاہو کھائیں

Orange نارنجی کا جوس پئیں

دو لیموں چھلکے سمیت لے لیں۔ان کو چھلکے سمیت پانی میں ابال لیں۔اس پانی سے غسل کریں۔ تین سے چھار دن۔

## مفید غذائیں

انار

کاسنی

برگ چقندر

کاہو

شتہرہ

عناب

نارنجی

بہ Quince

عناب کے پتوں کا جوشاندہ بنا کر پینا بھی اس بیماری کے لیے مفید ہے

طب المفید ص35

## احتیاط

انڈے

زیادہ چکنائی والی غذائیں

پکوڑے، سموسے،وغیرہ

مٹی

دھول

پولن

عام شمپو + صابن

لیدر

پرانا خراب پانی

پلاسٹک

# جل جانا

آگر سورج کی دھوپ یا گرم پانی سے جل جائیں تو

سرکہ کا محلول + گلاب + دال عدس (مسور کی دال)

سرخ مسور کے دانوں کو پیس لیں۔ سرکہ اور گلاب کا پانی ملا لیں اور جلنے والی جگہ پر لگائیں۔ اگر پھپھوندی ہو جائے تو

جامعہ امام علی رضا علیہ سلام بہترین دوا ہے

اگر داغ بیس، تیس سال پرانے ہیں تو سرخ گلاب اور طبیعی سرکہ اس میں شامل کریں اور جدھر نشان ہے ادھر لگائیں

### گلاب کا تیل کیسے بنائیں؟

سرخ گلاب اور زیتون کا تیل ملالیں۔ان کو ایک ماہ کے لیے بوتل میں مکس کر کے چھوڑ دیں۔ پھر صاف کرلیں۔اگر ایک ماہ دوبارہ ایسا کیا جائے تو زیادہ فائدہ مند ہے۔گلاب کا پھول تازہ بہتر ہے۔

طب اہلِ بیتؑ

مزید بیماریاں کی تفصیل کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں

# Moles

# تل

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

جو کھانے کی ابتدا نمک سے کرے۔اس کو جسم پر تل نہیں نکلیں گے

علت

اگر تلوں کا رنگ سیاہ یا قہوے کی طرح ہے تو اس کا مطلب یے۔سودائی مزاج کا غلبہ ہے

## علاج (طب اہل بیتؑ)

داروی سودابر (افتیمون)

نورہ طبیعی

مرکب ایک

صاف کنندہ خون

روغن بنفشہ پای زیتون + نورہ + حنا تل کے اپر پیسٹ بنا کر لگائیں

جامع + شہد + کلونجی

**اگر سیاہی یا قہوے مائل نہیں تو خون کی خرابی ہے**

## علاج (طب اہل بیتؑ)

داروی صاف کنندہ خون

داروی حناء

داروی سید الادویہ

جامع + شہد + کلونجی

دیگر علاج (طب سنتی و یونانی)

لہسن + سرکہ سیب + نمک اس کا پیسٹ بنا کر رات کو لگا دیں اوپر کپڑے کا ٹیپ لگا دیں

ایلو ویرا + کوکونیٹ آئل (ناریل کا تیل) اس کا پیسٹ بھی لگا سکتے ہیں۔ اس سے بھی تل ختم ہو جاتے ہیں۔ دو سے تین ہفتہ میں روزانہ لگانے سے کیلے کے چھلکے ملنے سے بھی تل نرم پڑ جاتے ہیں

بیکنگ سوڈا + کیسٹر آئل بیس دن ان کا پیسٹ لگائیں

## خوراک

سیب کا سرکہ + شہد

کیویز

بیگن

کریلے

روغن (بادام، تل، زیتون)

آب لیموں

# چنبل

# Psoriasis

علت

جگر کی خرابی

ڈپریشن

جگر کی گرمی

سودائی مزاج کی زیادتی

## علاج

مرکب ایک 1 2عدد

صاف کنندہ خون 10 عدد

حنا05 عدد

سید الادویہ

نورہ طبیع

گائے کا تازہ دودھ اور شہد گوند صبح ناشتہ میں کھائیں

شہتوت کھائیں

رات کو روغن قندق کھائیں

سیب کا جوس اور شہد ملا کر پئیں

ایک کپ پانی میں دو چمچ شہد اور ایک لیموں صبح ناشتہ میں پی لیں

ان کو ملا کر ہر آٹھ گھنٹے بعد مالش کریں chamomile + eucalyptus + صعتر فارسی

شکنجی پئیں

## پرہیز

ٹماٹر

کیچ اپ (ٹماٹر کا پیسٹ )

فاسٹ فوڈ

آم

کیلے

آڑو

روغن جامد

پلاسٹک کے برتن

کیوی

بیگن

مرغی کے انڈے

طب اہل بیتؑ

# برص، پیسی Vitiligo

## وجوہات

نبی ﷺ فرماتے ہیں

جو شخص سورج کے نیچے گرم کیے ہوئے پانی سے غسل کرے گا، وضو کرے گا یا پیئے گا۔ وہ برص میں مبتلا ہو سکتا ہے۔

الکافی ج3 ص15

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

رات کو سبزی شاہی (Lepidium sativum) کھائے گا وہ پیسی و برص میں مبتلا ہو سکتا ہے

مستدرک الوسائل ج16ص422

پیٹ بھرے ہوئے دوبار کھانا

صبح ناشتہ میں خربوزہ

کھانا

حیض میں جماع کرنا

سورج کے دھوپ سے گرم کیاہوا پانی پینا، غسل یاوضو

مچھلی ودودھ اکھٹا کھانا

سرکہ + دودھ اکھٹا کھانا

قوت مدافعت میں کمی

شدید ڈپریشن

جگر کی خرابی

بلغم

## علاج

چقندر گائے کے گوشت میں پکاکر تین دن میں ایک بار

کرفس

آب نسیان

بیگن

برگ سنا

حجامت سر

خاک شفاء

سرکہ انگبین

جمعہ کے دن ناخن کاٹنا

جمعہ کے دن شمپو گل خطمی سے سر دھونا

نبی ﷺ فرماتے ہیں

جو کھانے کی ابتدا نمک سے کرے گا وہ ستر بیماریاں سے محفوظ رہے گا جس میں کم ترین بیماریاں پیسی، برص و جنون ہے

عیون اخبار الرضا ج1 ص46

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

جو شخص گل خطمی سے جمعہ کے دن سر دھوئے گا وہ برص، پیپسی، برص وجنون ہے جنون اور ایمنی سے محفوظ رہے گا

الکافی ج3ص418

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔

سویق خشک اور گائے کا گوشت ملا کر کھانے سے پیپسی و برص ختم ہو جاتی ہے۔

مکارم الاخلاق ص484

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

چقندر کے پتے گائے کے گوشت میں پکا کر کھانے سے سفید داغ (برص) ختم ہو جاتے ہیں۔

الکافی شیخ ج12ص592

قوم بنی اسرائیل سفید داغ والی بیماری میں مبتلا ہو گئے۔ خدا نے حضرت موسیٰ پر وحی نازل کی گائے کا گوشت اور چقندر اکھٹے پکا کر کھاؤ۔ اس سے ان کی بیماری ختم ہو گئی

الکافی ج6ص310

گائے کا گوشت اور چقندر ملا کر پکائیں ان کے ساتھ میتھی و ترہ کا بھی اضافہ کر لیں ایک ہفتہ میں دو بار استعمال کریں

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔

اگر کوئی نماز فجر کے بعد تین بار **سبحان اللہ وبحمدہ، سبحان اللہ العظیم وبحمدہ ولاحول ولا قوۃ اِلا باللہ**، اس زکر کو پڑھے گا ۔وہ جزام، کوڑھ، پیسی، فلج سے محفوظ رہے گا

الخصال ص220

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

ریحان انبیاءؑ کی سبزی ہے۔اس میں آٹھ خصوصیات ہیں جس میں سے ایک یہ جزام سے محفوظ رکھتی ہے۔

الکافی ج6ص364

آب شاہترہ دو ہفتہ دیں

سوپ ماش دو ہفتہ

تین دن میں ایک دفعہ برگ چقندر یا گوشت دنبہ، کرفس

## طب اہل بیتؑ ادویات

ابن بسطام

حنا

سید الادویہ

صاف کنندہ خون

شافیہ

نورہ طبیعی

جامع امام رضاؑ یا روغن بادام تلخ یا روغن صنوبر

گل خطمی سے سر دھلائی کرنا

دعا

ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمۃ زہراؑ پڑھنا برص سے محفوظ رکھتا ہے

( ہر روز دس بار **اللہ الرحمن الرحیم لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم** )

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

دو رکعت نماز پڑھو اس کے بعد یہ دعا پڑھو

**يَا اللّٰهُ يَا رَحْمَانُ يَا رَحِيمُ يَا سَمِيعُ وَيَا سَامِعَ الدَّعَوَاتِ يَا مُعْطِيَ الْخَيْرَاتِ أَعْطِنِي خَيْرَ الدُّنْيَا وَخَيْرَ الْآخِرَةِ وَقِنِي شَرَّ الدُّنْيَا وَشَرَّ الْآخِرَةِ وَأَذْهِبْ عَنِّي مَا أَجِدُ فَقَدْ غَاظَنِي الْأَمْرُ وَأَحْزَنَنِ**

طب الائمہؑ ص102

یونس بن عماد امام صادق علیہ السلام کے پاس گئے اور برص کی بیماری کے بارے میں شکایت کی

امام علیہ السلام نے فرمایا

نماز صبح کے قریب وضو کرو اور نماز شب پڑھو واور دوسری رکعت کے آخری سجدے میں یہ ذکر پڑھو

(یا عَلِیُّ یا عظیمُ، یارحمنُ یارحیمُ، یاسامِعَ الدَّعوات، یا مُعطِیَ الخَیراتِ، صَلِّ علی مُحَمَّدٍ و آلِ مُحَمَّدٍ و اَعطِنی مِن خَیرِ الدُّنیا و الاخِرَةِ ما اَنتَ اَهلُهُ و اصرِف عَنّی مِن شَرِّ الدُّنیا والاخِرَةِ ما اَنتَ اَهلُهُ اَذهِب عَنّی هذا الوَجَعَ) اس کے بعد بیماری کانام لو فَاِنَّهُ قَد غاظَنی وَاَحزَنَنی اس کے بعد آہ وبکااور دعا کرو۔

راوی کہتاہے میں نے جیساامام نے فرمایاویساہی کیااور میں ابھی کوفے میں نہی پہنچا تھا کہ میری بیماری دور ہو گئی۔

حلیۃ المتقین. ص124

نماز

روزہ

عاشورا

رجب کے چار روزے رکھنا

حجامت 2، 19، 17 اسلامی ماہ کی کروانا

زیارت خانہ کعبہ کرنا

مومن کی حاجت پوری کرنا

## ممنوعات

سورج کی گرمی میں کیا ہوا گرم پانی سے غسل، وضو

جنابت کے دوران عورت کے پاس جانا

رات کو شاہی کھانا

کشمش اور دودھ اکھٹا پینا

سرکہ اور مسور اکھٹا کھانا

حنا (مہندی) جمعہ اور بدھ کے دن لگانا

بدھ کے دن حجامت

صبح ناشتہ میں خربوزہ

کھانا

Yougrat

حلیم

مچھلی + دودھ

طب اہل بیتؑ

ہمارے ہاں طب اہل بیتؑ کی تمام ادویات، طبعی شمپو اور کریمیں دستیاب ہیں

# Hirsutism

# چہرہ پر فالتو بال

چہرے پر یا جسم کے کسی بھی حصہ پر فالتو بال ہو جاتے ہیں

## وجوہات

androgens اینٹروجن ہارمون کی زیادتی

Pcos بچہ دانی کی رسولی

سودائی مزاج کی زیادتی

## علاج

داروی سودابر

داروی گل سرخ (سنا,+گلاب) دوماہ استعمال کریں.(اس سے موشن بھی لگتے ہیں. گھبرانے کی ضرورت نہیں سارا پیٹ صاف ہو جاتا ہے)

بالوں (تھریڈنگ) کرکے باقلا کی چھال سے مساج کریں. دن میں چار سے پانچ بار

عرق سونف

روغن مورچہ

نورہ + سرکہ انگور

ہلدی و آب لیموکوملا مساج کریں (طب سنتی)

کدو کے بیج استعمال کریں

## پرہیز

مرغی کا گوشت

ترش اشیاء

گائے کا گوشت

,فاسٹ فوڈ

ہوٹلوں کے کھانے,مٹھائی وغیرہ

## Bromhidrosis

## جسم سے بدبو آنا

## وجوہات

پسینہ پیدا کرنے والے گلینڈ میں خرابی

جسم کو گندہ رکھنا

اس بیماری سے جب بھی پسینہ آتا ہے یا ویسے بھی جسم سے بدبو آتی ہے. خاص کر پاؤں, بغل اور پیٹ سے نیچلے والے حصہ سے

## علاج

داروی صعتر

داروی بوی بدن (ورد) غسل کرنے سے قبل سرکہ سیب سے مساج کریں. جب خشک ہو جائے. تو حنا لگا دیں

سرخ گلاب کھائیں

الائچی چبا چبا کر کھائیں

غسل

## Scabies

## کھجلی, خارش

اس کا سبب زیادہ تر ایک چھوٹا کیڑا ہے. جسے (Sarcoptes scabiei) کہتے ہیں جو نما کیڑے کے جلد میں جانے اور اسکے انڈے دینے کے باعث ہوتی ہے اور اگر وہ جلد میں جا کر انڈے دے دیتا ہے تو جلد پر دانے نمودار ہونے لگتے ہیں۔ جن میں شدید خارش ہوتی ہے۔ یہ خارش اگر گھر میں کسی بھی فرد کو ہو جائے تو اس فرد سے گھر کے باقی افراد تک آسانی سے پھیل جاتی ہے

## وجوہات

چھوٹے سے کیڑے کے جسم میں داخل ہونے سے ہوتا ہے. یا کیڑا حیونات یا براہ راست انسانوں سے منتقل ہو سکتا ہے. طب اسلامی میں بخار کبد یعنی جگر کی گرمی بتایا گیا ہے. غلبہ خون

## علامات

.بالوں کا رنگ بھورا ہو جاتا ہے وہاں سے اکثر بال گر جاتے ہیں

تمام جسم پر خارش ہوتی ہے خارش کبھی تر اور کبھی خشک ہوتی ہے. ذیادہ تر انگلیاں کے درمیان, کلائی, رانوں کے اندر, خارش سے مریض بے چین ہوتا ہے اکثر رات کے وقت زیادہ ہوتی ہے. کھجلانے سے جلد پر آبلے یا پھنسیاں بن .جاتی ہیں

## غذائیں

علاج

مرکب 01

داروی صاف کنندہ خون

داروی اهلیلج

داروی پوستی مالیدنی

روغن بادام + آب کشک

پاؤں کی حجامت تین بار

دائیں پاؤں سے فصد (خون نکالنا)

شاہترہ

عناب

آلو بخارا

کاہو

انار

برگ چقندر

کاسنی کھائیں

مونگ کی دال کو ابال کر سوپ پی لیں

سویق عدس

## پرہیز

مچھلی

سرکہ

انڈے و ترش غذائیں

پلاسٹک کے برتن میں کھانے سے پرہیز کریں

## روایات

ایک شخص نے امام موسی کاظمؑ کے پاس آیا اور آپ سے خارش کی شکایت کی آپ نے فرمایا. جگر کے بخار (جگر کی گرمی) کی وجہ سے ہوتی ہے. آپ نے فرمایا. دائیں پاؤں پر فصد کریں. ساڑھے چھے گرام روغن بادام شیریں لے لیں اس میں آب کشک (دہی, کھویا. احتمال ہے. بعض آب جو کہتے ہیں) ملالیں اس کو استعمال کرو مچھلی و سرکہ سے پرہیز کریں

مکارم الاخلاق ص 77.

ایک شخص امام جعفر صّادق کے پاس آیااور خارش کی شکایت کی آپ نے فرمایا. ایک پاؤں اور ایڑی کی یادونوں پاؤں کی حجامت کراؤ

مکارم الاخلاق ص77

ایک شخص نے امام علی رضأ سے جسم کے دھبوں کی شکایت کی آپ نے فرمایا. مونگ کی دال کا سوپ پی لو

مکارم الأخلاق، ج1، ص406

(تمام جلدی امراض کے لیے بہتر ہے)

امام جعفر صادق فرمأتے ہیں

.جو چھینک آنے کے بعد ایک دفعہ سورہ الحمد ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیر لے گا. وہ جزام, بھک, برص, آنکھوں میں درد اور جسم میں خارش, میگرین, موتیااور چہرے پر سیاہ داغوں سے محفوظ رہے گا

مستدرک الوسائل (نوری) ج8 ص388

ایک شخص امام جعفر صّادق کے پاس آیااور خارش کی شکایت کی. آپ نے فرمایا. فصد نکالو (رگ سے خون نکالنا)

مکارم الاخلاق ص77

نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم فرماتے ہیں

جو شخص بھی آب آسمان پیتاہے. وہ بواسیر, شقاق و خارش و چیچک سے محفوظ رہتاہے

زاد المعاد ص329

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں

غلبہ خون کی چار علامات ہیں

جسم میں خارش

غنودگی

دانے نکلنا

اور سر میں چکر آنا

الخصال ج1 ص250

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں

حجامت کے بعد نمکین گوشت و مچھلی کھانے سے جسم پر خارش ہو جاتی ہے

طبّ الاِمام الرضا صَلَواتُ اللّٰہِ عَلَیہِ، ص64

امام باقرؑ فرماتے ہیں

مٹی کھانے سے جسم میں خارش پیدا ہوتی ہے, بواسیر ہوتی ہے, بُرائی اس کے اندر بھڑک اٹھتی ہے. عبادت اس کی کم ہو جاتی ہے. انسان کمزور ہو جاتا ہے

المحاسن، ج2، ص388،

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں

جو شخص خارش سے بچنا چاہتا ہے وہ حمام میں جا کر بدن پر روغن بنفشہ ملا کرے

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں

.نمک لگا کر سکھایا ہوا گوشت, اور ایسے ہی مچھلی کھانے سے خارش پیدا ہوتی ہے

طب الرضاؑ

## پھنسی, پھوڑا Boil Abscess

اکثر موسم برسات یا موسم گرما کے آخر میں پھوڑے یا پھنسیاں نکل آتی ہیں

### وجوہات

خون کی خرابی

### علامات

. پھنسی کی صورت میں جلد پر سوجن ہوتی ہے

پھنسی والی جگہ سرخ اور گرم ہوتی ہے. ورم میں درد بھی ہوتا ہے. پیپ پڑ کر نرم ہو جاتی ہے. پھوڑے کی نشانی یہ ہے اس کو ایک طرف ہاتھ جما کر رکھیں اور دوسری طرف ایک یا دو انگلیاں سے ٹکرائیں تو ایک لہر محسوس ہوتی ہے. یہ لہر رسولیاں و ورموں میں نہیں ہوتی ہے

## علاج

داروی صاف کنندہ خون

سودابر / صفرابر

شاہترہ

کاسنی

کاہو

چقندر کے پتے

عناب کھائیں

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

جب تمہارے جسم پر پھنسیاں آجائیں تو اس پر شہادت کی انگلی رکھ کر یہ دعا سات بار پڑھیں

. لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ پڑھنے کے دوران پھنسی کے اطراف پر ہاتھ گماتے رہو اور زور سے سات مرتبہ دباؤ

طب الائمہ ع ص60

## خشکی Dry Skin

انسان کے جسم وہاتھ پاؤں میں خشکی ہو جاتی ہے

## وجوہات

صفرا کا غلبہ یا سودا کا غلبہ

غسل سے قبل مالش کریں روغن زیتون سے

اگر مزاج گرم ہے تو صفرا کا غلبہ ہے

## علاج

داروی صفرابر

تخم قلفہ

سنا+گلاب

سبزی قلفہ

زیتون آبرو وناف میں لگائیں

اگر مزاج سرد ہے تو پھر سودائی مزاج کا غلبہ ہے

سرد مزاج

داروی صاف کنندہ خون

داروی سودابر

سرو آبرو پر روغن بنفشہ یا ی زیتون کی مالش کریں اور رات کو ناف میں لگائیں

خرما برنی کھائیں

غسل سے قبل مالش کریں روغن زیتون سے

Cracked lips

## مسے، گومڑ Warts

عمومی طور پر مسے جسم کے کسی بھی حصے پر نکل آتے ہیں لیکن عموما گردن اور اطراف میں پائے جاتے ہیں

مسوں کا صحت پر کوئی مضر اثر نہیں پڑتا البتہ ان کی جسم پر موجود گی دکھنے میں بُری لگتی ہے. عام طور پر وائرس

papillomavirus سے ہوتا ہے

### علاج

انجیر کا دودھ یا خرفہ کا دودھ اوپر لگائیں

سرکہ انگور اور آلو ویرا کو ملا لیں. رات کو لگا لیں صبح اتار لیں

ایک پیاز لیں اس میں سمندری نمک ڈال لیں پوری رات اس کے اوپر باندھ دیں صبح اتار لیں

جو کے دانے کو اس کے ارد گرد گھمائیں جب سبز ہو جائے تو مسے اتار لیں

چنا کے درخت کو جلا کر اس کی راکھ ملیں اس سے بھی مسے ختم ہو جاتے ہیں

## Hordeolum

آنکھ کی پلکوں کے اوپر یا نیچے دانہ نکل آتا ہے. جو زیادہ تکلیف دے تو نہیں ہوتا البتہ چہرہ کو بد نما کر دیتا ہے. جو آنکھوں کے گلینڈ کی خرابی سے ہوتا ہے. آنکھ میں درد و سوجن بھی ہو سکتی ہے

### علاج

سرکہ انگور + شربتی (تخم بلنگا) ان کا خمیر بنا کر آنکھ پر لگائیں

## گرمی والے دانے Heat Rash

جسم پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں. سرخ رنگ کے

### وجوہات

تنگ کپڑے پہننے سے ہوا کا اخراج رک جاتا ہے اس سے ہو سکتے ہیں

پسینے کے گلینڈ میں خرابی کیوجہ سے بند ہو جاتا ہے پسینہ باہر نہیں نکل رہا ہوتا ہے. بہت گرم چیزیں کھانے سے یا خون کی خرابی

یا سودائی مزاج کی زیادتی

پانی زیادہ پینے سے

## علامات

جسم پر سرخ رنگ کے دانے نکل آتے ہیں. جلن ہوتی ہے. جلد پر سوجن ہو جاتی ہے. ٹانگوں پر بھی دانے نکلتے ہیں

## علاج

دال عدس اور سرکہ + گلاب ملا کر اوپر لگائیں

حنا لگائیں

سویق عدس کھائیں

داروی صاف کنندہ خون

داروی صفرابر

داروی طریفل

پانی کیساتھ کھجور کھائیں

موردسے مالش کریں

## پیدائشی نشان Birthmarks

برتھ مارک ہونے کی بڑی وجہ جلد کے کسی حصے میں خون کی شریانیں زیادہ ہونا بھی ہوتا ہے۔ برتھ مارک پیدائشی طور پر بچوں کے جسم میں کسی مخصوص جگہ پر موجود ہوتے ہیں۔ چہرے یا جسم کے کسی بھی حصے پر پیدائشی نشانات یا برتھ مارک ہونے کی وجہ اضافی پگمنٹس سیلز کا ہونا ہے۔ جلد کے کسی حصے میں جہاں پگمنٹ سیلز کی زیاتی ہو، وہاں پر پیدائشی نشانات کے ہونے کے چانس ہوتے ہیں۔ وہ پیدائشی نشان جو پگمنٹ کی وجہ سے ہوتے ہیں، ان کو پگمنٹڈ برتھ مارک کہا جاتا ہے۔ یہ برتھ مارک کے جسم میں کسی مخصوص جگہ پر موجود ہوتے ہیں۔ چہرے یا جسم کے کسی بھی حصے پر پیدائشی نشانات یا برتھ مارک ہونے جلد کے رنگ سے مختلف ہوتے ہیں، جس کے باعث یہ جلد پر الگ سے نمایاں ہوتے ہیں۔ اکثر برتھ مارک وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ کچھ پیدائشی نشان جلد کے ساتھ ہی موجود ہوتے ہیں۔ جلد کا ایک حصہ اپنے رنگ سے زیادہ گہرا ہوتا ہے۔ جن افراد کی رنگت تھوڑی گوری ہوتی ہے، ان کا پیدائشی نشان اکثر بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔ وہ افراد جن کی رنگت تھوڑی سانولی ہوتی ہے، ان کا پیدائشی نشان کالے رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کا رنگ سیاہ, بھورا یا سرخ ہوتا ہے

### علاج

داروی حنا

نورہ۔

# لاکڑاکاکڑا (Chickenpox (varicella

جس کو واریسیلا بھی کہا جاتا ہے ایک ایسی بیماری ہے جو وارسیلا زوسٹر وائرس (VZV) کی وجہ سے ہوتا ہے

واریسیلا دنیا بھر میں واقع ہوتی ہے۔

کیسے پھیلتی ہے یہ بیماری؟

یہ وبائی بیماری ہے۔جو وائرس سے پھیلتی ہے۔ایک شخص سے دوسرے میں۔ یہ بیماری اس سے متاثرہ لوگوں کے چھیکنے، کھانسنے ،اور کھانا یا پینے کی چیزیں شیئر کرنے سے ،ہاتھ ملانے یا تھوک سے بھی پھیلتی ہے۔

## علامات

دانے ظاہر ہونے سے پہلے

طبیعت اندر سے خراب ہوتی محسوس ہوتی ہے۔

بخار ،جو بڑوں میں زیادہ تیز ہوتا ہے۔

پٹھوں میں درد

بھوک نہ لگنا

متلی محسوس ہونا

دانے ظاہر ہونے کے بعد

ابتداء میں جسم پر چند دھبے نمودار ہوتے ہیں جو دانوں کی شکل اختیار کر کے پورے جسم پر پھیل جاتے ہیں۔

یہ دانے گچھوں کی شکل میں نمودار ہوتے ہیں جو چہرے، ٹانگوں، سینے اور پیٹ پر پھیل جاتے ہیں۔ یہ چھوٹے چھوٹے دانے سرخ اور خارش زدہ ہوتے ہیں۔ اکثر دانے چھالوں کی شکل اختیار کر لیتے ہیں جو زیادہ تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ گھنٹے گزرنے کے بعد ان چھالوں پر خشکی آنا شروع ہو جاتی ہے اور کھرنڈ بن جاتے ہیں۔ اور خارش زدہ ہوتے ہیں۔ اکثر دانے چھالوں کی شکل اختیار کر لیتے ہیں جو زیادہ تکلیف دہ ہوتے ہیں۔۔ دس دن کے اندر ہی یہ کھرنڈ خود ہی جھڑ جاتے ہیں۔ ان دس دنوں میں نئے دانے بھی نکلتے رہتے ہیں۔

## علاج (طب اہل بیتؑ)

داروی صاف کنندہ خون

جامع امام رضا + آب غسل

.مرکب10 (سیدالادویہ)

داروی امام موسیٰ کاظمؑ

نوٹ جن کو یہ بیماری ہو جائے ان کے ساتھ جو بچے ہیں یا گھر والے وہ داروی امام موسیٰ کاظم کھالیں۔اس سے ان کا قوت مدافعت ہو جائے گا۔اس سے اُن کو یہ بیماری نھیں لگے گی

# Herpes zoster

ہرپس زوسٹر بھی چکن پاکس کا وائرس ہے مگر اس سے جسم کا زیادہ تر کوئی ایک حصہ متاثرہ ہوتا ہے. جلد پر کسی ایک جگہ دانوں کا جھرمنٹ بن جاتا ہے. اس سے خارش ہوتی ہے جلن ہوتی ہے بعض دفعہ بخار بھی ہو جاتا ہے. لیکن یا زیادہ تر ایک مریض سے دوسرے مریض میں منتقل نہیں ہوتا ہے.

## علاج

داروی سیدالادویہ

داروی صاف کنندہ خون

جامع رضا بآب شہد

داروی حنامالیدنی

# Pilonidal sinus disease (PNS) مقعد کے قریب پھوڑا

ایک پیلیونائڈل سسٹ ایک انوکھا قسم کا پھوڑا ہے جو کولہوں کے کریز میں یا اس کے اوپر ہوتا ہے۔ پیلونیڈل سسٹ اکثر جلد کے اس حصے کی بنیاد میں سوجن کے چھوٹے چھوٹے علاقوں کے طور پر شروع ہوتا ہے جہاں سے بال بڑھتے

ہیں (ہیئر پٹک ) براہ راست دباؤ سے جلن کے ساتھ ،وقت گزرنے کے ساتھ سوجن والا علاقہ مضبوط، تکلیف دہ، ٹینڈر نوڈول بننے میں توسیع کرتا ہے

## وجوہات

جلد میں زخم وغیرہ سے پھوڑے میں بال زیادہ ہو جاتے ہیں. انفکشن ہو جاتی ہے, زیادہ سفر و زیادہ وزن, بہت دیر تک ایک جگہ بیٹھے رہنے سے بھی

## علامات

بیٹھتے اور اٹھتے وقت تکلیف ہوتی ہے. رسولی سوج جاتی ہے. بعض اوا قات اس میں پیپ پڑ جاتی ہے اور خون بھی بہتا ہے, جلد میں سوراخ بھی ہو جاتے ہیں

## علاج

. جامع رضا + شہد اس سے مساج کریں

اگر سسٹ اندر راووری یا یوٹرس میں چلی گئی ہے تو حنا لگا کر بیٹھ جائیں

# Desquamation of fingers

.اس میں جلد خراب ہو جاتی ہے. جلد خشکی ہو جاتی ہے. جلد اترنے لگتی ہے

## علاج

روغن بنفشہ یا ی زیتون ناف

داروی سودابر / صفرابر

جامع رضا بآب شہد

اگر زخم ہے تو شہد و جامع لگائیں

# گنجاپن Alopecia

ایلوپسیہ یا گنجے پن کے نام سے جانا جاتا ہے ایک ایسی حالت ہے جس میں بالوں کے جھڑنے کی تعداد بڑھتے بالوں سے زیادہ ہوتی ہے۔ عام حالات میں، اوسطا انسانی بال فی دن 50-100 تاروں سے نکل سکتے ہیں۔ ٹھیک ہے، گنجاپن اس وقت ہوتا ہے جب بال گرنے کا عمل ایک دن میں 100 سے زیادہ اسٹینڈز ہوتا ہے۔ علامات اور بیماری پر منحصر ہے، گنجاپن کو 3 اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے، یعنی۔

**ایلوپسیہ اریٹا**: صرف سر پر کچھ مقامات پر گنجے بال۔

**ایلوپیا کلیس**: گنجی کے بالوں کی وجہ سے تمام کھوپڑی پر یکساں طور پر تقسیم ہوتا ہے۔

**ایلوپیسیا عالمگیر**: جسم کے تمام بال کھوئے ہیں. کسی جگہ سے بلکل بال ختم ہو جاتے ہیں سر کے جلد سفید نظر آ

جاتی ہے جیسے کبھی بال تھے بھی نہیں

علاج

گل خطمی سے سر دھوئیں

سر کا مساج کریں داروی پوستی مالیدنی سے

سمندری نمک کھائیں

روغن بنفشہ یا ای زیتون سر پر لگائیں

داروی صاف کنندہ خون کھائیں

جگر و خون کی اصلاح کریں

سمندری جھاگ استعمال کریں

شمپو و تیل ریزش سکہ ای موی سر استعمال کریں

شمپو مورد

( طب سنتی میں شمپو معجزہ گیاہی )

## سردزخم Herpes simplex

ہرپس ایک متعدی بیماری ہے جو ہرپس کے وائرس کی وجہ سے ہے۔ آٹھ قسم کے ہرپس وائرس ہیں، لیکن دو سب سے عام ہیں جسم کے مختلف حصوں میں پھوڑے کی شکل میں نکلتا ہے مگر زیادہ تر ہونٹوں اور مقعد پر ظاہر ہوتا ہے۔ اس سے بخار اور بہت زیادہ سردی سے بھی ہونٹوں پر یا چہرہ پر نکل آتا ہے۔ سردی کے زخم چھوٹے، دردناک، مائع سے بھرے ہوئے بخار اور بہت زیادہ سردی سے بھی ہونٹوں پر یا چہرہ پر نکل آتا ہے۔ سردی کے زخم چھوٹے، دردناک، مائع سے بھرے ہوئے چھالے ہیں جو عام طور پر ہونٹوں، انگوٹھے یا منہ کی چھت پر ہوتی ہیں

## علامات

جہاں پر نکلتا ہے وہاں جلن، خارش، چبھن سی محسوس ہوتی ہے، منہ کا دکھنا، پیشاب میں انفکشن و بعض اوقات آنکھوں میں بھی درد ہوتا ہے، سوجن وغیرہ بھی ہو جاتی ہے

ایچ ایس وی ون، جو زبانی ہرپس کے نام سے جانا جاتا ہے، منہ اور چہرے کے گرد چھالوں اور چھالوں کا سبب بن سکتا ہے۔ جینیاتی ہرپس گروپ (جننانگ) سے تعلق رکھتا ہے اور عام طور پر باہر کے تناسب اور مقعد کے آس پاس

HSV-2 کے علاقے پر ظاہر ہوتا ہے

## علاج

داروی امام موسیٰ کاظم

روغن بنفشہ یا ی زیتون سے مالش کریں

پانی و زبان اس کے اوپر نہ لگائیں

## بیماری پروانہ ای Epidermolysis bullosa (EB)

ایپیڈر مولیس بلسو ایک غیر معمولی موروثی بیماری ہے جس کی خصوصیت ہوتی ہے نزاکت جلد اور پچپچپا جھلیوں کی. ماخذ ایک جینیاتی مسئلہ ہے جو کولیجن اور کیریٹن، پروٹین کی تیاری میں مداخلت کرتا ہے جو خلیوں کو جلد کی بیرونی اور اندرونی تہوں سے باندھتے ہیں۔ کیراٹین، جو استحکام دیتے ہیں اور غنڈہ ایپیڈر مولیسس والے افراد کی کمی کی وجہ سے بہت نازک جلد ہوتی ہے کولیجن جو جلد کی سالمیت کی ضمانت دیتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں، جلد کی تہیں آسانی سے کم سے کم رگڑ کے ساتھ چھلکتی ہیں، جس کے نتیجے میں تکلیف دہ چھالے ہوتے ہیں جو تھرڈ ڈگری جلنے والے جیسے ہوتے ہیں۔

### علامات

چھلکنے والے ایپیڈر مولیسس چھالے رگڑ، معمولی صدمے، حرارت یا بے ساختہ بھی تشکیل دے سکتے ہیں۔ جب وہ ٹوٹ جاتے ہیں تو وہ تشکیل دیتے ہیں زخموں کو ٹھیک کرنا مشکل ہے، خاص طور پر جب مناسب سلوک نہ کیا جائے۔

بالوں کا گرنا

آنکھوں اور ناک کے گرد چھالے۔

منہ اور گلے میں یا اس کے آس پاس چھالے جو کھانے اور نگلنے میں دشواری کا باعث بنتے ہیں۔

معمولی چوٹوں یا درجہ حرارت کی تبدیلیوں کی وجہ سے جلد کے چھالے، خاص طور پر پیروں میں۔

پیدائش کے وقت موجود بلبلے

کیریوں

کھرچنارونا، کھانسی یاسانس کے دیگر مسائل

جلد پر چھوٹی سفید گیندیں۔

ناخن یاخراب ناخن کا نقصان۔

عمر کے ساتھ ساتھ ایپیڈرمولیسس بلسو کی ہلکی شکلیں بہتر ہوتی ہیں۔

## علاج

داروی مقل ارزق

داروی حضرت محمد

صاف کنندہ خون

سیدالادویہ

شربت امام رضا

جامع بآب شہد

جامع باشہد زخم پر لگائیں

حنا

دونوں پاؤں کی حجامت کروائیں

## Pityriasis lichenoides chronica (PLC)

یہ ایک جلدی بیماری بھی ہے۔ جس سے جلد میں چھوٹے چھوٹے داغ نکل آتے ہیں جو زخم ہو کر سیاہ ہو جاتے ہیں بعد میں سفید داغ جسم پر ہو جاتے ہیں، پہلے گلابی ہوتے ہیں بعد میں کھردار اور بھورے رنگ کے ہو جاتے ہیں۔ یہ داغ مہینوں سے لیکر سالوں تک رہ سکتے ہیں

## علاج

داروی سید الادویہ

صاف کنندہ خون۔

نورہ + حنا

داروی ابن بسطام۔

مقل ارزق

جامع بآب شہد

داروی موسیٰ کاظمؑ

# کوڑھ، جزام leprosy.

جذام جس کو عام زبان میں کوڑھ بھی کہا جاتا ہے ایک متعدی یا چھوت کا یا ایک سے دوسرے کو لگنے والا مرض (infectious disease) ہے جو ایک جراثیم، جس کو مائیکوبیکٹیریم جذام (Mycobacterium lepraee) کہتے ہیں اس کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ کوڑھ کے مرض میں مریض کا جسم گلنا شروع ہو جاتا ہے' جسم میں پیپ پڑ جاتی ہے اور اس کے ساتھ ہی انسان کا گوشت ٹوٹ ٹوٹ کر نیچے گرنے لگتا ہے۔ کوڑھی کے جسم سے شدید بو بھی آتی ہے کوڑھی اپنے اعضاء کو بچانے کے لیے ہاتھوں' ٹانگوں اور منہ کو کپڑے کی بڑی بڑی پٹیوں میں لپیٹ کر رکھتے ہیں۔ جذام کا جراثیم عدوی پیدا کر کے جاندار کے جسم کی جلد، چہرے اور دیگر حصوں پر بدنمائی اور خراب شکلی کا موجب بنتا ہے جو جذام کا انسانی ذہن پر سب سے زیادہ خوف پیدا کرنے والا پہلو ہے۔ جذام کا موجب بننے والے جراثیم کا انکشاف سب سے پہلے (Gerhard Aramauer Hansen)

نے کیا اور اسی کی مناسبت سے جذام کو ہانسین بیماری بھی کہا جاتا ہے۔

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

ریحان انبیاءؑ کی سبزی ہے۔ اس میں آٹھ خصوصیات ہیں جس میں سے ایک یہ جزام سے محفوظ رکھتی ہے۔

الکافی ج6 ص364

مام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں

چقندر کے پتے کھاؤ۔ یہ نیند کو آرام دہ بناتی ہے، جزام کی رگ کو ختم کرتی ہے، بہترین سبزی ہے

الکافی ج6 ص369

کرفس (ایک قسم کی سبزی)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہیں

کرفس بندشوں کو کھولتا ہے، دل کو ترو تازہ کرتا ہے، حافظے کے لئے مفید ہے اور دیوانگی، کوڑھ، برص اور ڈر کو دور کرتا ہے۔

الدروس

کرفس حافظے کو تیز کرتا ہے، شادابی کا باعث ہے اور دیوانگی، جذام اور برص سے بچاتا ہے۔

بحارالانوار ج، 63 ص239

امام جعفر صّادق فرماتے ہیں۔

ہر جمعہ کو تھوڑی سی مونچھیں اور ناخن چھوٹے کر لیا کرو، اگرچہ بہت کم بڑھے ہوں پھر بھی انہیں ہلکا سا تراش لیا کرو کیونکہ اس طرح دیوانگی، کوڑھ اور برص سے محفوظ رہو گے۔

الکافی ج3 ص418

نبی ﷺ فرماتے ہیں

اے علیؑ کھانے کا آغاز و اختتام نمک سے کیا کرو خدا ستر بیماریاں سے امان میں رکھے گا جس میں کمترین جذام ہے

المحاسن ج2ص593

امام جعفر صّادق عفرماتے ہیں۔

آبرو کو کنگھی کیا کرو جذام سے بچاتی ہے

طب الائمہ ص19

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔

سنا مکی جذام، پیسی، بھک و جنون سے بچاتی ہے

مکارم الاخلاق ص،188

نبی ﷺ فرماتے ہیں

اگر کوئی نماز فجر کے بعد تین بار سبحان اللہ وبحمدہ، سبحان اللہ العظیم وبحمدہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ، اس زکر کو پڑھے گا ۔وہ جزام، کوڑھ، پیسی، فلج سے محفوظ رہے گا

الخصال ص220

امام جعفر صّادق فرماتے ہیں

شلجم کھاؤ. جزام کی رگ کو ختم کرتا ہے اور ہر درد کو جسم سے باہر نکال دیتا ہے

المحاسن، ج2، ص333

نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فرماتے ہیں

انار کے درخت اور مورد سے خلال نہ کریں یہ جذام کو متحرک کرتا ہے

المحاسن ج2 ص125

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

زکام جذام سے امان میں رکھتا ہے

طب الائمہ ص108

امام جعفر صؑادق فرماتے ہیں

مدینہ کی مٹی جزام کو دور کرتی ہے

طب الائمہ ص64

امام علیؑ فرماتے ہیں

غدود کھانے سے بچو کیونکہ وہ جذام کو حرکت دیتے ہیں

المحاسن ج2 ص564

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں

غسل کیے ہوِئے پانی سے دوبارہ غسل کرنا جذام کا سبب بنتا ہے

الکافی ج6 ص503

## علاج

داروی شافیہ

تربت امام حسین ع

جامع بآب شلجم۔

سنا مکی

چقندر

ہمارے پاس طبِ اہلبیتؑ کی تمام ادویات و پروڈکٹ آن لائن پورے

پاکستان میں دستیاب ہیں

Ahlebaitstore.com

**For order medicine contact us on**

**03041551439**

**03445013241**

Tibeahlebait.as@gmail.com